AQF / Inam

13-11-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ..... ارجمندعلی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 بھارت نے تپ دق یعنی TB کے خلاف اپنی لڑائی میں اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ TB سے ہونے والی اموات میں 38 فیصد کی گراوٹ آئی ہے، جبکہ کامیاب علاج کی شرح 94 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج راشٹرپتی بھون میں 2025 کے قومی اسپورٹس ایوارڈز عطا کریں گی۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج کرناٹک میں 15 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

☆ سرکار نے Cab Rental کاروباری اداروں کیلئے ضابطوں کو سہل بنانے، کاروبار کرنے میں سہولت کو فروغ دینے اور مسافروں کی سیفٹی کو مستحکم بنانے کی خاطر اصلاحات تجویز کی ہیں۔

☆ روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے یوکرین امن بات چیت کے اگلے دور میں یوروپی نمائندوں کے شامل ہونے سے اتفاق کرلیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، بھارت اور نیوزیلینڈ کے درمیان چوتھا ایک روزہ میچ Mount Maunganui میں کھیلا جارہا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

INDIA-TB

تپ دق یعنی TB کے خلاف لڑائی میں بھارت نے اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ سال 2015 کے بعد سے TB سے ہونے والی اموات میں 38 فیصد کی گراوٹ ریکارڈ کی گئی ہے۔ عالمی سطح پر یہ شرح 35 فیصد ہے۔ اس سے اِس بیماری کے خاتمے کی سمت ملک کی لگاتار کوششوں کی عکاسی ہوتی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **VC - Nitika**

بھارت میں تپِ دِق سے مرنے والوں کی تعداد میں نمایاں کمی سے اس سلسلے میں ملک کی بہترین

کوششوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ گل جاری کی گئی عالمی ادارۂ صحت کی تپ دِق سے متعلق عالمی رپورٹ-2026 کے مطابق بھارت نے تپ دِق سے متاثرہ مریضوں کے علاج کے معاملے میں 94 فیصد کامیابی کا سنگ میل بھی حاصل کیا ہے۔صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت نے کہا ہے کہ اس سے ٹی بی کے خاتمے کے قومی پروگرام کے تحت کیے گئے مؤثر اقدامات کی عکاسی ہوتی ہے، جن میں AI پر مبنی ایکسرے، جلد تشخیص، فوری علاج کی سہولت اور تغذیہ کی مدد شامل ہے۔ وزارت نے کہا کہ ٹی بی مکت بھارت ابھیان کے تحت 25 کروڑ سے زیادہ لوگوں کو اسکریننگ میں شامل کیا گیا ہے۔

دلّی سے نیتیکا گپتا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

PREZ-SPORTS AWARDS

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج راشٹرپتی بھون میں ایک تقریب میں 2025 کے قومی کھیل ایوارڈس عطا کریں گی۔ بھارتی خواتین کی بیڈمنٹن کی ڈبلز کی سرکردہ جوڑی تریساجولی اور گائتری گوپی چند کے علاوہ مختلف کھیلوں سے وابستہ دیگر 15 کھلاڑیوں کو، اُن کی غیر معمولی کارکردگی کیلئے اَرجن ایوارڈز سے نوازا جائے گا۔ سرکردہ فٹبال کھلاڑی Isaiah Arumainayagam کو لائف ٹائم ارجن ایورڈ دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ ایتھلیٹکس، باکسنگ اور شوٹنگ کے کوچ صاحبان کو درونا چاریہ ایوارڈ دیا جائے گا۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارت نے کہا ہے کہ قومی کھیل ایوارڈز ہر برس کھیلوں میں بہترین کارکردگی کو تسلیم کرنے کے صلے میں دیئے جاتے ہیں۔×

PM-KARNATKA GUJARAT

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج سے کرناٹک اور گجرات کے دو دن کے دورے پر رہیں گے۔ جناب مودی آج صبح بنگلورو میں 15 ہزار 600 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے، ملک کے نام وقف کریں گے اور سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ اِن پروجیکٹوں کا تعلق اہم شعبوں سے ہے، جس میں شہری علاقوں میں Mobility، بجلی کی ترسیل، قابلِ تجدید توانائی، پیٹرولیم کا بنیادی ڈھانچہ، کوڑے کچرے کو ٹھکانے لگانے اور ریلویز کے شعبے شامل ہیں۔

وزیرِ اعظم Kalena Agrahara سے S G Palya اسٹیشن تک میٹرو Pink لائن کا افتتاح کریں گے، جس کا طویل عرصے سے انتظار تھا۔ جناب مودی بنگلورو- منگلورو- مڈگاؤں وندے بھارت ایکسپریس کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے، جس سے بنگلورو، ساحلی کرناٹک اور گوا کے درمیان تیز رفتار اور جدید طرز کی ریل کنکٹیویٹی فراہم ہوسکے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ VC - Ponnumon

آج صبح پہنچنے کے بعد وزیرِ اعظم سوامی وویکانند یوگ اَنوسندھان سنستھان کے کیمپس Prashanti

Kutiram کی گولڈن جوبلی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ اِس کے بعد جناب مودی نئی میٹرو Pink لائن میں سفر کریں گے اور IIM بنگلورو میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔ اِن میں ریاست میں بجلی کی ترسیل کی مختلف اسکیموں کیلئے سنگِ بنیاد رکھنا اور افتتاح کرنا شامل ہے۔

بنگلورو سے Ponnumon کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

PM-VANDE BHARAT

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج بنگلورو- منگلورو- مَدگاؤں وندے بھارت ایکسپریس کو جھنڈی دکھاکر روانہ کریں گے۔ اس موقع پر ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو بھی موجود رہیں گے۔ کل رات منگلورو میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، جناب اشونی ویشنو نے کہا کہ یہ اہم سروس ساحلی کرناٹک کو بنگلورو کے ساتھ جوڑے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ VC - Rishu Jaiswal

16 ریل ڈبوں والی بنگلورو- منگلورو- مَدگاؤں وندے بھارت ایکسپریس ایگزیکیٹیو چیئر کوچ اور چیئر کار کوچ پر مشتمل ہوگی، جس سے مسافروں کو جدید طرز کے آرام دہ سفر کا احساس ہوگا۔ اِس کی اہم خصوصیات میں Bio Vacum بیت الخلاء، خود کار دروازے، تفریحی نظام اور ایگزیکیٹیو کلاس میں آرام دہ سیٹیں شامل ہیں۔ نئی وندے بھارت ایکسپریس Kavach سیفٹی نظام سے بھی آراستہ ہے، جو ملک میں ہی تیار کیا گیا ایسا نظام ہے، جس میں ریل گاڑیوں کے ٹکرانے کی روک تھام کا بندوبست کیا گیا ہے۔ اس سے طلباء، نوجوان پیشہ ور افراد، اپنا کاروبار کرنے والے لوگوں اور تاجروں کیلئے بہتر کنکٹیویٹی فراہم ہوگی اور ساتھ ہی ساحلی کرناٹک اور گوا میں سیاحت کو بھی تقویت ملے گی۔

منگلورو سے Rishu Jaiswal کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

PM-AGRICULTURE CONRENCE

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ وِکست بھارت کی تعمیر میں زرعی فروغ، زراعت میں جدید طرز کے طور طریقے اور کسانوں کو بااختیار بنانا اہمیت کا حامل ہے۔ جناب مودی نے نئی دلّی میں بھارت زرعی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زراعت، بھارت کی ثقافت اور روایت ہے۔

SB - 0815 - PM on Farmer

وزیرِ اعظم نے عالمی بینک کے ایک مطالعے کے حوالے سے زرعی ترقی اور ملک کی پیشرفت کے درمیان قریبی رابطے کا تذکرہ کیا۔ اِس مطالعے میں یہ دکھایا گیا ہے کہ صرف بارہ-تیرہ سال میں ہی پچاس کروڑ بھارتی افراد غربت سے باہر آئے

ہیں اور دیہی علاقوں میں چھوٹے کسانوں نیز زرعی مزدوروں میں غربت میں تیزی کے ساتھ گراوٹ آئی ہے۔ جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ اِس عرصے کے دوران ملک کی آزادی کے بعد سے یہ ایسی پہلی دہائی ہے، جس میں بھارت کے زرعی شعبے کی اوسط شرح ترقی چار فیصد سے اوپر رہی۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

GOVT-CAB REFORMS

سڑک، ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے کرائے کی ٹیکسی کے کاروبار سے متعلق ضابطوں کو سہل بنانے کی خاطر اصلاحات تجویز کی ہیں، جن کا مقصد کاروبار کرنے میں آسانی اور مسافروں کی سلامتی کو مستحکم کرنے کو فروغ دینا ہے۔ مجوزہ اصلاحات کے تحت آپریٹرس کو ڈرائیوروں کے ساتھ یا اُن کے بغیر ٹیکسی خدمات کی اجازت ہوگی۔ گاڑیوں کی کم از کم ضروری تعداد کو کم کرکے 50 سے 5 گاڑیاں کردیا گیا ہے، جن میں خدمات کے مقامات پر کم از کم دو ٹیکسی ہونی چاہئے۔ پانچ سیاحتی شہروں میں برانچ کی ضرورت کو ہٹادیا گیا ہے۔x

TRADE-FAIR

بھارت کے 45ویں بین الاقوامی Trade Fair کا افتتاح آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں کیا جائے گا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے، تجارت کے فروغ سے متعلق بھارتی تنظیم ITPO کے چیئرمین جاوید اشرف نے بتایا کہ اس سال تین اہم پہلوؤں پر توجہ مرکوز کی جائے گی، جس میں وہاں آنے والے لوگوں کے تجربے کو وسعت دینا، اختراع کی نمائش اور ملک کی شاندار وراثت کو اجاگر کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ Trade Fair کیلئے ٹکٹ موبائل ایپ IITF 2026 کے ذریعے آن لائن بُک کئے جاسکتے ہیں، جسے دلّی میٹرو ریل کارپوریشن DMRC کی ساتھی ایپ کے ساتھ مربوط کیا گیا ہے۔ جناب اشرف نے بتایا کہ منڈی ہاؤس سمیت کئی میٹرو اسٹیشنوں سے شٹل بس سروس کا بندوبست کیا جائے گا۔

SB - Jawed Ashraf

اِس سال کا Trade Fair ''وِکاس اور وراثت'' کے موضوع کے تحت منعقد کیا جارہا ہے۔ گل سے 18 نومبر تک Trade Fair میں کاروباری دن رہیں گے، جبکہ 19 تاریخ سے اِسے عام لوگوں کیلئے کھول دیا جائے گا اور یہ 27 تاریخ تک جاری رہے گا۔x

CHHATH PUJA

چار روزہ چھٹھ پوجا کا سلسلہ آج ملک کے مختلف حصوں میں ''نہائے کھائے'' کی رسم کے ساتھ شروع ہورہا ہے۔ سوریہ دیوتا اور Chhathi Maiya کیلئے وقف یہ تہوار دریا کے کناروں اور گھاٹوں پر رسومات کی ادائیگی اور برت کے ساتھ منایا جاتاہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے چھٹھ مہا پَرو کے آغاز پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے برت رکھنے والے سبھی عقیدتمندوں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے یہ امید ظاہر کی ہے کہ سبھی کو Chhathi Maiya کا آشیرواد حاصل ہوگا۔ x

IFFI-PRES CONFERENCE

بھارت کے 57ویں بین الاقوامی فلم فیسٹیول کی اُلٹی گنتی آج صبح گوا میں تعارفی تقریب کی پریس کانفرنس کے ساتھ شروع ہورہی ہے۔ گوا کے وزیرِ اعلیٰ ڈاکٹر پرمود ساونت اِس پروگرام میں موجود رہیں گے۔ یہ 9 روزہ فلم فیسٹیول اِس مہینے کی 20 تاریخ سے 28 تاریخ تک ہوگا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ VC - Nikhil

اصل تقریب سے پہلے گوا کے Dona Paula میں صبح ساڑھے نو بجے پریس کانفرنس ہوگی۔ اطلاعات ونشریات کی وزارت میں سکریٹری چنچل کمار اور IFFI کے فیسٹول ڈائریکٹر آشوتوش گواریکر بھی اس پروگرام میں شرکت کریں گے۔ اِس پریس کانفرنس میں فیسٹول کی اہم خصوصیات، خصوصی پروگراموں اور دیگر اہم تقریب کو اُجاگر کیا جائے گا، جس سے 57 ویں IFFI کے آغاز کا سلسلہ شروع ہوجائیگا۔ پنجی سے نکھل اُپادھیائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

UKRAINE PEACE TALKS

روسی صدر ولادیمیر پوتن نے یوکرین امن بات چیت کے اگلے دور میں یوروپی نمائندوں کے شامل ہونے سے اتفاق کرلیا ہے۔ امریکی ایلچی Steve Witkoff نے بات چیت کے بعد نامہ نگاروں کو یہ اطلاع دی۔ انہوں نے کریملن میں صدر پوتن کے ساتھ ملاقات کے بعد روس کے سرکاری ٹی وی کو بتایا کہ بات چیت کے آئندہ دور میں یوروپ کو شامل کیا جانا ایک اہم قدم ہے۔ اِس ہفتے ابوظبی میں دو روزہ سہ فریقی بات چیت کے بعد کیف اور ماسکو نے کہا ہے کہ کچھ پیشرفت ہوئی ہے لیکن اہم اختلافات برقرار ہیں، جن میں علاقائی معاملات بھی شامل ہیں۔x

IMD-WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج انڈمان ونکوبار جزائر پر شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ہماچل پردیش، جموں وکشمیر، لداخ اور مظفرآباد میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ اس دوران دلّی-NCR میں ہوا کی کوالٹی بہت خراب کے زُمرے میں آ گئی ہے۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق آج صبح 7 بجے دلّی کا AQI چارسو تین درج کیا گیا۔×

CRICKET-IND-NZ

Mount Maunganui میں پانچ میچوں کی سیریز کا چوتھا ایک روزہ بین الاقوامی میچ کھیلا جارہا ہے۔ آخری اطلاع ملنے تک نیو زیلینڈ نے بھارت کے خلاف 15 اوورز میں 2 وکٹ پر 102 رن بنالئے۔ اس سے قبل بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کا فیصلہ کیا ہے۔

Shreyas Iyer کی قیادت میں بھارت پانچ میچوں کی سیریز میں دو-صفر کی فیصلہ کُن برتری حاصل کرنے کے بعد جیت کی جانب گامزن ہے۔ Hamilton میں کھیلا گیا تیسرا ایک روزہ میچ بارش کی نذر ہوگیا تھا۔ وہیں نیو زیلینڈ کی پوری کوشش ہوگی کہ وہ واپس کرے اور سیریز میں اپنی پہلی جیت حاصل کرے۔×

NITI AAYOG-PLI SCHEME

نیتی آیوگ نے PLI اسکیموں کے اثرات کے جائزے کے عنوان سے ایک رپورٹ جاری کی ہے، جسے احمدآباد کے مینجمنٹ کے بھارتی ادارے کے ساتھ اشتراک میں تیار کیا گیا ہے۔ اس رپورٹ میں بھارت کی مینوفیکچرنگ سرمایہ کاری، برآمدات اور روزگار میں نمایاں ترقی کو اُجاگر کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق 14 شعبوں میں PLI اسکیموں نے 2 لاکھ 40 کروڑ روپے سے زیادہ کی سرمایہ کاری کو راغب کیا، 22 لاکھ 66 ہزار کروڑ روپے کا سامان فروخت ہوا اور 15 سے 20 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ برآمدات کو فروغ حاصل ہوا۔ اِن اسکیموں نے 14 لاکھ 15 ہزار سے زیادہ براہ راست اور بالواسطہ روزگار کے مواقع بھی پیدا کئے۔×

J&K TERROR HANDLER

جموں وکشمیر پولیس نے پاکستان سے اپنی سرگرمیاں چلانے والے دہشت گردوں کے آقا کی راجوری ضلعے میں واقع غیرمنقولہ املاک قرق کردی ہیں، جس کی مالیت 81 لاکھ روپے ہے۔ محمد ارشد ایک مقامی دہشت گرد ہے، جو 15 سال پہلے غیرقانونی طریقے سے کنٹرول لائن پار کرکے پاکستان کے قبضے والے کشمیر کے علاقے میں چلا گیا تھا۔ حکام نے بتایا ہے کہ

2011 میں مقامی تھانے میں درج کئے گئے ایک کیس کے سلسلے میں متعلقہ دفعات کے تحت اُس کی املاک ضبط کی گئی ہیں۔x

INDIA-INDONESIA TERRORISM

بھارت اور انڈونیشیا میں دہشت گردی کی روک تھام اور اُس سے نمٹنے کے سلسلے میں باہمی اشتراک کی اہمیت کو اُجاگر کیا ہے۔ گل نئی دلّی میں انسداد دہشت گردی کے بھارت-انڈونیشیا مشترکہ ورکنگ گروپ کی ساتویں میٹنگ منعقد ہوئی۔ وزارت خارجہ میں انسداد دہشت گردی محکمے کے ایڈیشنل سکریٹری ڈاکٹر سہیل اعجاز خان اور انڈونیشیا کی قومی انسداد دہشت گردی ایجنسی کے بین الاقوامی اشتراک کے نائب Elvan Swasono نے مشترکہ طور پر اس میٹنگ کی صدارت کی۔ طرفین نے ہر طرح کی دہشت گردی کی سخت مذمت کی اور جامع اور مستقل طور پر دہشت گردی سے نمٹنے کی فیصلہ کُن اور پختہ بین الاقوامی کوششوں پر زور دیا۔x

VP-CII SUMMIT

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن آج، آندھراپردیش میں وشاکھاپٹنم کا دورہ کریں گے اور 31 ویں CII شراکت داری کے اختتامی اجلاس سے خطاب کریں گے۔ گل اِس دو روزہ سمٹ کا آغاز ہوا تھا۔ آندھراپردیش حکومت کی کامرس وصنعت کی مرکزی وزارت اور CII کی جانب سے مشترکہ طور پر اس کا انعقاد کیا گیا۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ..... فیصل خان

شکریہ - ارجمندعلی خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے صحافیوں کے ساتھ دیوالی ملن کی تقریب میں وزیراعظم کی شرکت کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب نے وزیراعظم نریندر مودی کی تقریب سے خطاب کی خبر کو سرخی بنایا ہے، جس طرح آزادی کیلئے اعتماد پیدا ہوا، اسی طرح ترقی یافتہ بھارت کے ہدف کو بھی پورا کرنا ہے، کسی نے سوچا تھا کہ بھارت چاند کے جنوب کے قریب اترکر تاریخ رقم کرے گا۔

دارلحکومت دلّی میں دنیا کا سب سے بڑا میوزیم بنایا جائے گا، مرکزی کابینہ نے یوگیوگائے گین بھارت میوزیم کی تعمیر کو منظوری دی، اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے اپنے صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔ اسی اخبار نے اپنے عالمی صفحہ پر ایک اور اہم خبر کو شہ سرخی بنایا ہے، G-7 ممالک کا ایران سے IAEA کے ساتھ دوبارہ تعاون شروع کرنے کا مطالبہ۔

اخبارات کی کچھ اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

☆ امریکی ایلچی Witkoff اور جیرڈ کشنر ولادیمیر پورتن سے بات چیت کیلئے ماسکو پہنچے۔

☆ امریکی ریاست سی سپّی سے سینیٹ کی نشست پر سیاہ فام ڈیموکریٹ منتخب۔

☆ قدرتی وسائل پر فلسطینی خود مختاری کے حق میں بھاری اکثریت سے قرار داد منظور۔

☆ جنگ کے بعد آبنائے ہرمز کی صورتحال پہلے جیسی نہیں رہے گی: باقر قالیفاف کا بیان۔

☆ آئزن کوٹ نے نیتن یاہو سے سکیورٹی فیصلوں میں تحمل اور احتیاط برتنے کی اپیل کی۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 بھارت نے تپ دق یعنی TB کے خلاف اپنی لڑائی میں اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ TB سے ہونے والی اموات میں 38 فیصد کی گراوٹ آئی ہے، جبکہ کامیاب علاج کی شرح 94 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج راشٹرپتی بھون میں 2025 کے قومی اسپورٹس ایوارڈز عطا کریں گی۔

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج کرناٹک میں 15 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

☆ سرکار نے Cab Rental کاروباری اداروں کیلئے ضابطوں کو سہل بنانے، کاروبار کرنے میں سہولت کو فروغ دینے اور مسافروں کی سیفٹی کو مستحکم بنانے کی خاطر اصلاحات تجویز کی ہیں۔

☆ روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے یوکرین امن بات چیت کے اگلے دور میں یوروپی نمائندوں کے شامل ہونے سے اتفاق کرلیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، بھارت اور نیوزیلینڈ کے درمیان چوتھا ایک روزہ میچ Mount Maunganui میں کھیلا جارہا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔
